© rasailojaraid.com

تبصرہ نگار: ع۔غ

# تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نما رسالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**مجالس مسیح الامت**، افادات: حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ، ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد ضلع نوشہرہ، صفحات: ۴۳۵۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب مسیح الأمت حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مجالس و محافل کا مجموعہ ہے جو حضرت کے خلیفہ اجل الحاج ابراہیم تسبیح والے کے تعاون ونگرانی میں القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ نے شائع کیا ہے، یہ ان مجالس کی پہلی جلد ہے جو کل سولہ مجالس پر مشتمل ہے، جن کے عنوانات کو بالترتیب یہاں ذکر کیا جاتا ہے:

مقام علم.....، تفصیل ذکر.....تقویٰ.....اصلاح میں تاخیر کی وجہ.....نور نبوت، نور علم.....ترتیب سلوک..... تبدیلئ حالات میں تصحیح نیت.....حصول مطلوب کے لئے طریق صحیح ضروری ہے.....اتباع اکابر اور زیادت فی العلم .....حفظ ماتقدم.........مجاہدہ وشان فناء..... ایمان کے تقاضے..... اخلاص وصدق..... اسلامی تہذیب وصفائی .....عقلیہ، غضبیہ، شہویہ کے اعتدال کا نام مرد کامل ہے..... تصدیق وعمل صراط مستقیم ہے۔

کتاب کی ابتدا میں مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب (صدر القاسم اکیڈمی) کا پیش لفظ ہے، انہوں نے کتاب کے بارے میں اپنے تأثرات کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے۔

> ''مجالس مسیح الامت ایک خاص اسلوب حیات اور انداز فکر واضح کرتی ہیں اور یہ اسلوب بہت حیات بخش اور یہ انداز بہت مثبت ہے، بشرطیکہ لوگ اسے محض ملفوظات نہ سمجھ لیں بلکہ زندگی کے معمولات بنالیں، اگر ایسا ہو جائے تو انسان کے ہاتھ وہ فردوس گم گشتہ آسکتی ہے، جس کی تلاش میں وہ صدیوں سے محو سفر اور بھٹک رہا ہے، ان باتوں سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ صوفیاء واولیا صرف محیر العقول واقعات رونما نہیں کرتے اور نہ یہ ان کا بنیادی منصب ہے بلکہ وہ ایسا اندازِ حیات اپناتے ہیں جو ان کے لیے موجب عافیت اور دوسروں کے لئے ذریعہ منفعت ہے اور یہی اللہ والوں کا بہتر اور نمایاں تشخص ہے۔''

کتاب کی طباعت واشاعت عمدہ، ورق اعلیٰ اور جلد بندی مضبوط ہے۔

© rasailojaraid.com